Fazil / Tausif

12-03-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

☆ اندرون ملک LPG کی سپلائی بڑھانے کی خاطر سرکار کی جانب سے کیے گئے کئی اقدامات کے تناظر میں ملک میں LPG کی پیداوار میں 25 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

☆ بھارت نے مغربی ایشیا میں جاری محاذ آرائی کے تناظر میں تیل کا ایمرجنسی اسٹاک جاری کرنے کے بین الاقوامی توانائی ایجنسی کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔

☆ خصوصی پروازوں میں لبنان سے 177 بھارتی شہریوں کو وطن واپس لایا گیا ہے، جبکہ قطر سے 500 سے زیادہ افراد روانہ ہوئے ہیں۔

☆ ایران نے خلیجِ فارس میں کمرشل بحری جہازوں اور متحدہ عرب امارات میں Aviation بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا ہے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے ایران سے اپنے حملے بلا تاخیر روکنے کو کہا ہے۔

☆ خواتین کے FIH ہاکی ورلڈ کپ کوالیفائرس میں حیدرآباد میں پول-B کے ایک میچ میں بھارت نے ویلز کو ایک کے مقابلے چار گول سے ہرا دیا۔

☆ اور BCCI نے IPL 2026 کے پہلے مرحلے کے میچوں کی تاریخ کا اعلان کردیا ہے۔ 28 مارچ کو پہلے میچ میں رائل چیلنجرس بینگلورو کا سامنا سنرائزرس حیدرآباد سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

West Asia Brief

اندرون ملک LPG کی سپلائی بڑھانے کی خاطر سرکار کی جانب سے کیے گئے کئی اقدامات کے تناظر میں ملک میں LPG کی پیداوار میں 25 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ پیٹرولیم اور قدرتی گیس محکمے کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری سجاتا شرما نے کل شام نئی دلّی میں مغربی ایشیا کے حالات و واقعات کے بارے میں بین وزارتی بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ

اِس مہینے کی 8 تاریخ کو سرکار نے ایک آرڈر جاری کرکے تیل ریفائنریز اور پیٹرو - کیمیکل مراکز کو ہدایت دی تھی کہ وہ LPG کی پیداوار میں زیادہ سے زیادہ اضافہ کریں۔

SB - 0815 - Sujata Sharma - LPG

بھارت کی خام تیل سپلائی کے بارے میں محترمہ سجاتا شرما نے کہا کہ ملک کی سپلائی محفوظ ہے اور خام تیل کی تقریباً 70 فیصد درآمدات آبنائے ہرمز کے باہر سے آرہی ہیں۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ سرکار خام تیل کی جو مقدار حاصل کررہی ہے، وہ عام دنوں میں آبنائے ہرمز سے آنے والی مقدار سے بھی زیادہ ہے۔ جوائنٹ سکریٹری نے مزید کہا کہ بھارت، 40 ملکوں سے خام تیل درآمد کرتا ہے اور تیل مارکٹنگ کمپنیوں نے مختلف ذرائع سے الگ الگ خام تیل کارگو کی فراہمی کا بندوبست کیا ہے۔

اِدھر وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا ہے کہ سرکار مغربی ایشیا کے ملکوں میں رہنے والے بھارتی شہریوں کی بہبود کے تئیں عہدبند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سبھی بھارتی مشن، بھارتی برادری کے لوگوں سے رابطہ قائم کیے ہوئے ہیں۔

جناب جیسوال نے بتایا کہ GCC خطے میں کُچھ بھارتی شہریوں کو زخم آئے تھے، اُن کا علاج کیا جارہا ہے اور قونصل خانہ اُن سے رابطہ قائم کیے ہوئے ہے۔

SB - 0815 - Randhir Jaiswal

اِدھر بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی گزرگاہوں کی وزارت میں خصوصی سکریٹری راجیش کمار سنہا نے کہا ہے کہ سرِ دست 28 بھارتی پرچم بردار بحری جہاز، خلیجِ فارس میں چل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکار اِن سبھی بحری جہازوں اور اُن کے عملے کی سلامتی اور تحفظ کے سلسلے میں سرگرمی کے ساتھ نگرانی کررہی ہے۔ جناب سنہا نے بتایا کہ بندرگاہوں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ برآمد کاروں کو درپیش مشکلات کو کم سے کم کرنے کی خاطر ہر طرح کی ضروری امداد فراہم کریں۔×

BPCL - LPG Supply

بھارت پیٹرولیم کارپوریشن لمیٹڈ BPCL نے لوگوں کو یقین دلایا ہے کہ سرکار LPG درآمدات کی خوش اسلوبی اور بلارکاوٹ نقل و حرکت کو یقینی بنانے کیلئے ہر ممکن کوشش کررہی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر BPCL نے کہا ہے کہ موجودہ جغرافیائی اور سیاسی حالات نیز ناکہ بندی کی وجہ سے LPG درآمدات پر اثر پڑ رہا ہے۔ اِس تناظر میں وسیع تر تقسیم کو یقینی بنانے کیلئے دستیاب سپلائی کو محتاط انداز سے فراہم کرایا جارہا ہے۔

اُس نے کہا ہے کہ LPG سلینڈرس Allot کرنے کے معاملے میں گھریلو صارفین کو اولین ترجیح دی گئی ہے۔

BPCL نے مزید کہا ہے کہ LPG سپلائی کیلئے دیگر درخواستوں کا جائزہ ایک مشترکہ کمیٹی لے رہی ہے، جو بھارت پیٹرولیم کارپوریشن لمیٹڈ، انڈین آئل کارپوریشن اور ہندوستان پیٹرولیم کارپوریشن لمیٹڈ کے ایگزیکیوٹو ڈائریکٹروں پر مشتمل ہیں۔×

IEA Oil Stocks

بھارت نے توانائی کی موجودہ سپلائی میں رکاوٹوں کے پیشِ نظر بین الاقوامی توانائی ایجنسی IEA کے ایمرجنسی تیل ذخائر

جاری کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بھارت بین الاقوامی توانائی ایجنسی کا ایک ایسوسی ایٹ ممبر اور بین الاقوامی توانائی تعاون میں سرگرم شراکت دار ہے۔ بھارت عالمی توانائی منڈیوں میں بدلتی ہوئی صورتحال خصوصاً مشرقِ وسطیٰ میں پیش آنے والے حالات و واقعات پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ حکومت نے کہا کہ بھارت عالمی منڈیوں کے استحکام کی حمایت کیلئے بین الاقوامی توانائی ایجنسی کی کوششوں کے مطابق مناسب اقدامات کرنے کیلئے تیار ہے۔ ×

Indians Repatriated From West Asia

بھارت نے، مغربی ایشیاء میں اپنے شہریوں کو مدد پہنچانے کے عمل کو تیز کیا ہے۔ لبنان اور قطر سے سینکڑوں اور بھارتی شہریوں کو کمرشیل پروازوں کے ذریعے وطن واپس لایا جا چکا ہے۔ بیروت میں واقع بھارتی سفارتخانے کے مطابق **177** بھارتی شہریوں کے پہلے گروپ کو کل اُن کے آجروں کی جانب سے انتظام کی گئی ایک چارٹر پرواز کے ذریعے نئی دلّی واپس لایا گیا۔ اس گروپ کو لبنان میں بھارت کے سفیر نور رحمٰن شیخ نے بیروت کے رفیق حریری بین الاقوامی ہوائی اڈّے سے رخصت کیا۔

اس دوران قطر میں بھارتی سفارتخانے نے مطلع کیا ہے کہ ملک میں پھنسے ہوئے **500** سے زیادہ بھارتی شہری کل رات قطر ایئر ویز کی پروازوں سے نئی دلّی اور دیگر مقامات کیلئے روانہ ہوئے۔

سفارتخانے نے کہا کہ بھارتی شہریوں کے سفر میں سہولت فراہم کرنے کیلئے قطر ایئر ویز آج بھارت کیلئے دو پروازیں چلائے گی، ایک پرواز نئی دلّی کیلئے جبکہ دوسری پرواز ممبئی کیلئے ہوگی۔ ×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Prez - GCWAS 2026

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلّی میں زرعی خوراک نظام میں خواتین سے متعلق عالمی کانفرنس **2026** کا افتتاح کریں گی۔ یہ تین روزہ کانفرنس ترقی کو آگے بڑھانے اور نئی بلندیوں کے حصول کے موضوع پر قومی راجدھانی میں واقع زرعی تحقیق کی بھارتی کونسل **ICAR** کے کنونشن سینٹر میں منعقد ہوگی۔ اس موقعے پر زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان بھی موجود ہوں گے۔

کل ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے زرعی تحقیق کے بھارتی کونسل **ICAR** کے ڈائریکٹر، ڈاکٹر **M. L. Jat** نے کہا کہ یہ پروگرام ایسے وقت میں منعقد کیا جارہا ہے، جب اقوام متحدہ نے سال **2026** کو خواتین کسانوں کیلئے بین الاقوامی سال قرار دیا ہے۔

کانفرس کے موضوع کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ''ترقی کو آگے بڑھانا اور نئی بلندیوں کا حصول'' عالمی سطح پر

خواتین کسانوں پر دی جانے والی توجہ کے ساتھ مکمل طور پر ہم آہنگ ہے۔ ڈاکٹر جاٹ نے کہا کہ یہ کانفرنس صنفی طور پر حساس پالیسی سازی، تکنیکی جدّت طرازی اور جامع زرعی ترقی کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوگی۔ وزارت نے بتایا کہ اس کانفرنس میں ملک اور بیرونِ ملک سے سائنسدانوں، پالیسی سازوں، صنعتی رہنماؤں، کاروباری شخصیات، ترقیاتی ماہرین، خواتین کسان، اسٹارٹ اَپس اور طلبا سمیت 700 سے زیادہ مندوبین کی شرکت متوقع ہے۔×

Parliament Today

راجیہ سبھا میں آج دیہی ترقیات کی وزارت کے کام کاج پر بحث کا سلسلہ جاری رہے گا۔ لوک سبھا میں وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن مالی برس 2025-26 کیلئے بھارت کے متحدہ فنڈ **Consolidated Fund of India** سے بعض اضافی رقوم کی ادائیگی اور منظوری کیلئے مالی تصرف بل 2026 پیش کریں گی۔ کل لوک سبھا نے اپوزیشن کی طرف سے اسپیکر اوم برلا کو عہدے سے ہٹانے کے مطالبے پر پیش کی گئی قرارداد کو صوتی ووٹ کے ذریعے مسترد کر دیا۔×

West Asia Conflict

مغربی ایشیا کے خطے میں کشیدگی تیزی کے ساتھ بڑھ رہی ہے۔ ایران نے خلیجِ فارس میں کمرشل بحری جہازوں کو نشانہ بنایا ہے اور متحدہ عرب امارات میں **Aviation** کے بنیادی ڈھانچے پر حملے کرنے کی کوشش کی ہے۔ ابوظہبی کے حکام نے کہا ہے کہ فضائی دفاعی نظام کے ذریعے ایک حملہ آور حربے کو بیچ میں ہی مار گرائے جانے کے بعد، پرانے ابوظہبی ہوائی اڈے کے نزدیک آگ بھڑک اُٹھی، جس پر جلد ہی قابو پالیا گیا۔ اِس سے پہلے، کل بھی دبئی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر ایک ڈرون حملے میں ایک بھارتی شہری سمیت چار افراد زخمی ہوگئے تھے۔

ایران کے سپاہِ پاسدارانِ انقلاب نے کہا ہے کہ اُس کی بحریہ نے آبنائے ہرمز میں دو بحری جہازوں پر فائرنگ کی اور انہیں اپنے قبضے میں لے لیا۔

اُس نے دعویٰ کیا ہے کہ اِن بحری جہازوں نے وارننگ کو نظر انداز کیا تھا۔ اِس واقعے سے دنیا کی سب سے اہم توانائی آبی گزرگاہوں میں سے ایک کے تعلق سے پھر سے تشویش پیدا ہوگئی ہے۔

ایران کے سپاہِ پاسدارانِ انقلاب نے ایران کے ایک بینک پر مبینہ حملے کے بعد، انتقامی کارروائی میں خطے میں امریکہ اور اسرائیل سے منسلک اقتصادی مراکز اور بینکوں پر حملہ کرنے کی دھمکی بھی دی ہے۔

UNSC - Resolution Iran Israel Conflict

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے ایک قرارداد کے مسودے کو منظوری دی ہے، جس میں ایران پر زور دیا گیا ہے کہ وہ خلیج کے ملکوں پر اپنے حملے بلا تاخیر روک دے۔ اِس میں کہا گیا ہے کہ یہ حملے بین الاقوامی قوانین کے منافی ہیں اور اِن سے بین الاقوامی امن و سلامتی کو سنگین خطرہ لاحق ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ....

VC - Ashish

اِس قرارداد کو 13 ووٹوں سے منظور کرلیا گیا۔ 2 ممبر ملکوں نے ووٹنگ میں حصہ نہیں لیا، جبکہ کسی نے بھی اِس کی مخالفت نہیں کی۔ قرارداد کے مسودے میں بحرین، کویت، عُمان، قطر، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور اُردن پر ایران کے ہر طرح کے حملے فوری طور سے روکے جانے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔

اُدھر روس اور چین نے ایران پر امریکہ اور اسرائیل کے حملوں کا کوئی تذکرہ نہ کیے جانے پر قرارداد پر نکتہ چینی کی ہے، جن میں ایران کے رہبر اعلیٰ آیت اللہ علی خامنہ ای اور کئی اعلیٰ عہدیدار مارے گئے تھے۔

28 فروری کو امریکہ اور اسرائیل کے حملوں کے بعد یہ جنگ شروع ہوئی ہے اور ایران نے خلیج کے ملکوں کو نشانہ بناتے ہوئے بار بار حملے کیے ہیں۔

ایران کا کہنا ہے کہ وہ خطے میں امریکی فوج کے ٹھکانوں کو نشانہ بنا رہا ہے، لیکن توانائی کے مراکز اور ہوٹل جیسے سویلین بنیادی ڈھانچے پر بھی حملے ہوئے ہیں۔ ایران کے پاسدارانِ انقلاب نے کلیدی اہمیت کی آبنائے ہرمز کا کنٹرول اپنے ہاتھ میں لے لیا ہے، جہاں سے دنیا کی تیل اور گیس کی 20 فیصد کھیپ گزرتی ہیں۔

دِلّی سے آشیش ابراہم کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ....

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے گجرات، سوراشٹر اور کچھ خطّے میں آج الگ-الگ مقامات پر شدید گرمی کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اروناچل پردیش کے علاقوں میں کل تک شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا کہ ہماچل پردیش، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطّے، سکم، جھارکھنڈ، اُڈیشہ، اتراکھنڈ، جموں کشمیر اور لداخ کے علاقوں میں اگلے دو دن کے دوران گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے ساحلی کرناٹک، کیرالہ، ماہے اور گجرات کے علاقوں میں کل تک گرم اور حبس والے موسم کی بھی پیشگوئی کی ہے۔×

FIH Hockey

خواتین کے FIH ہاکی ورلڈ کپ کوالیفائرس 2026 میں کل شام حیدرآباد میں پُول B کے ایک مقابلے میں بھارت نے Wales کو ایک کے مقابلے 4 گول سے شکست دی۔ Navneet Kaur نے تین گول کیے، جبکہ ساکشی رانا نے ایک گول کیا۔ اس جیت کے ساتھ بھارت نے سیمی فائنل کیلئے اپنی جگہ پکّی کر لی ہے۔ اب سیمی فائنل میں کل بھارت کا سامنا اٹلی سے ہوگا۔×

BCCI IPL 2026

بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI نے آئندہ 28 مارچ سے 12 اپریل تک کھیلے جانے والے انڈین پریمیئر لیگ

IPL 2026 کے پہلے مرحلے کیلئے تاریخوں کا اعلان کر دیا ہے۔ چونکہ اس مدّت کے دوران تین ریاستوں میں اسمبلی انتخابات ہونے والے ہیں۔ لٰہذا ٹورنامنٹ کی مکمل تاریخوں کا اعلان انتخابات کی تاریخوں کے اعلان کے بعد کیا جائے گا۔ بنگلورو، ممبئی، گوہاٹی، نیو چنڈی گڑھ، لکھنؤ، کولکاتہ، چنئی، دلّی، احمد آباد اور حیدرآباد پر مشتمل 10 مقامات پر کُل 20 میچز کھیلے جائیں گے۔×

MOS Kirti Vardahn Chile

امور خارجہ کے وزیرِ مملکت کیرتی وردھن سنگھ نے کل چلی کے شہر Valparaiso میں منعقدہ صدارتی افتتاحی تقریب میں بھارت کی نمائندگی کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب سنگھ نے اس موقعے پر چلی کے عوام کو مبارکباد دی اور اسے ملک کیلئے ایک اہم جمہوری سنگِ میل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت مشترکہ خوشحالی اور عالمی تعاون کیلئے چلی کے ساتھ شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کیلئے پُر عزم ہے۔×

US to Close Peshawar Consulate

امریکہ کا محکمۂ خارجہ پاکستان کے شہر پشاور میں اپنا قونصل خانہ مستقل طور پر بند کرنے والا ہے، جو افغانستان میں 2001 کے حملے کے دوران اور اِس کے بعد بھی کارروائی اور لوجسٹکس سے متعلق ایک اہم مرکز نیز افغان سرحد کے نزدیک امریکہ کا سب سے نزدیکی سفارتی مشن رہا ہے۔ امریکی محکمۂ خارجہ نے قونصل خانہ بند کرنے کے اپنے منصوبے سے اِس ہفتے امریکی کانگریس کو مطلع کیا ہے اور کہا ہے کہ اِس سے 75 لاکھ ڈالر سالانہ کی بچت ہوسکے گی اور پاکستان میں امریکہ کے قومی مفادات کو آگے بڑھانے کی اُس کی صلاحیت پر کوئی منفی اثر نہیں پڑے گا۔

امریکی محکمۂ خارجہ کی تنظیمِ نو کی وجہ سے پشاور کا قونصل خانہ ایسا پہلا بیرون ملک سفارتی مشن ہے، جسے پوری طرح بند کردیا جائے گا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: محمد عمار

شکریہ - شگفتہ

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کے خلاف اپوزیشن کی عدم اعتماد کی تحریک کی ناکامی کو اپنے صفحۂ اول کی پہلی خبر کے طور پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی شہ سرخی ہے، اسپیکر اوم برلا کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک مسترد۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کی ایک اہم خبر ہے، وزیرِ اعظم نے کوچی میں 11 ہزار کروڑ روپے کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔

''جل مہوتسو میں شریک ہوئیں صدر جمہوریہ'' اِس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے اپنے صفحۂ اول پر اہمیت کے ساتھ شائع

کیا ہے۔

انڈیا AI امپیکٹ سمٹ 2026 میں عوامی شرکت سے متعلق جناب اشونی ویشنو کا یہ بیان بھی اس صفحے پر موجود ہے کہ انڈیا AI کانفرنس میں چھ لاکھ افراد نے شرکت کی۔

دلّی کے نئے لیفٹننٹ جنرل ترنجیت سنگھ سندھو کی حلف برداری کی خبر بھی تقریباً سبھی اخبارات میں نمایاں طور پر موجود ہے۔

روزنامہ انقلاب کی شہ سرخی ہے: ترنجیت سنگھ سندھو نے لیفٹننٹ گورنر کے طور پر حلف لیا۔ کانگریس نے نئے لیفٹننٹ گورنر کو مبارکباد دی۔

اخباروں کے عالمی صفحے پر کچھ اہم خبریں اس طرح ہیں:

☆ پرنس ولیم کا دورۂ سعودی عرب اہم ترین قرار

☆ روس نے یوکرین سے متعلق امریکی تجویز قبول کر لی

☆ عالمی مارکیٹ میں تیل کی قیمتیں مزید کم ہوئیں

☆ جاپان میں شدید برفباری سے 46 افراد ہلاک

آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

☆ اندرون ملک LPG کی سپلائی بڑھانے کی خاطر سرکار کی جانب سے کیے گئے اقدامات کے تناظر میں ملک میں LPG کی پیداوار میں 25 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

☆ بھارت نے مغربی ایشیا میں جاری محاذ آرائی کے تناظر میں تیل کا ایمرجنسی اسٹاک جاری کرنے کے بین الاقوامی توانائی ایجنسی کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔

☆ خصوصی پروازوں میں لبنان سے 177 بھارتی شہریوں کو وطن واپس لایا گیا ہے، جبکہ قطر سے 500 سے زیادہ افراد روانہ ہوئے ہیں۔

☆ ایران نے خلیجِ فارس میں کمرشل بحری جہازوں اور متحدہ عرب امارات میں Aviation بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا ہے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے ایران سے اپنے حملے بلا تاخیر روکنے کو کہا ہے۔

☆ خواتین کے FIH ہاکی ورلڈ کپ کوالیفائرس میں حیدرآباد میں پول-B کے ایک میچ میں بھارت نے ویلز کو ایک کے مقابلے چار گول سے ہرا دیا۔

☆ اور BCCI نے IPL 2026 کے پہلے مرحلے کے میچوں کی تاریخ کا اعلان کردیا ہے۔ 28 مارچ کو پہلے میچ میں رائل چیلنجرس بینگلورو کا سامنا سَنرائزرس حیدرآباد سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔